سوال

سٹوڈیٹ کالج جامعہ لوکل بس پر جانے پر کرایہ نہیں دیتے آیا کیا یہ درست ھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جواب

سٹوڈنٹس کا کرایہ نہ دینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کالج اور یونیورسٹی کے طلباء لوکل بسوں پر جانے پر کرایہ نہیں دیتے، کیا یہ درست ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! شرعا یہ بالکل ناجائز اور حرام ہے، اور دوسروں کے حقوق اور مال پر زبردستی اور ڈاکہ ہے۔ کیونکہ ان کی بسیں تیل پر چلتی ہیں اور کافی اخراجات آتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنا ٹائم بھی خرچ کرتے ہیں۔ لہذا سٹوڈنٹس سمیت کسی کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ ان بسوں پر بغیر کرائے کے سفر کریں۔ یہ ان کے ساتھ ظلم اور ان پر زیادتی ہے، اور کل قیامت کے دن اس کا حساب ہوگا۔ جس نے جتنا ظلم کیا ہوگا اس کی اتنی ہی نیکیاں لے کر اس مظلوم کو دے دی جائیں گے، لہذا بہتر یہی ہے کہ قیامت کے نیکیاں دینے کی بجائے آج دنیا کا مال ہی دے دیا جائے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی